قلعہ سیف اللہ (یو این اے) ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے ضلع قلعہ سیف اللہ میں ایک اہم فلاحی اقدام کے تحت مستحق اور کم آمدن والے غریب خاندانوں میں راشن اور مالی امداد تقسیم کی گئی ہے۔ اس ہمدردانہ اقدام کا بنیادی مقصد مشکل حالات میں زندگی گزارنے والے نادار خاندانوں کو فوری طور پر ریلیف فراہم کرنا اور ان کی معاشی مشکلات و مسائل میں واضح کمی لانا تھا۔ یو این اے کے مطابق، اس فلاحی سرگرمی کے دوران مجموعی طور پر 15 مستحق اور نادار خاندانوں میں راشن کے تھیلے اور مالی معاونت تقسیم کی گئی، جن میں ایک بیوہ خاتون بھی شامل تھیں جو اس مخصوص امداد کی مستحق قرار دی گئیں۔ امداد کی فراہمی کے اس مخلصانہ عمل کو مقامی سطح پر انسانی ہمدردی اور سماجی ذمہ داری کے جذبے کا ایک بہترین عملی اظہار قرار دیا جا رہا ہے۔ ایف سی حکام کے مطابق، یہ اقدام بلوچستان کے دور دراز اور کم ترقی یافتہ علاقوں میں رہنے والے غریب اور نادار خاندانوں کی مدد کے لیے جاری فلاحی پروگراموں کا ایک تسلسل ہے، جس کا بنیادی مقصد عوامی مشکلات میں کمی لانا اور ان کے روزمرہ معیار زندگی کو بہتر بنانا ہے۔ دوسری جانب مقامی افراد اور عمائدین نے ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے اس احسن اقدام کو دل کھول کر سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے فلاحی اقدامات نہ صرف ضرورت مند خاندانوں کے لیے ایک بڑا سہارا بنتے ہیں بلکہ ریاستی اداروں اور عوام کے درمیان باہمی محبت اور اعتماد کو بھی بے حد مضبوط کرتے ہیں۔ شہریوں نے قوی امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی اس نوعیت کی فلاحی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں گی تاکہ زیادہ سے زیادہ غریب افراد مستفید ہو سکیں۔ مقامی عمائدین اور سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ قلعہ سیف اللہ جیسے دور دراز علاقوں میں غربت اور بنیادی وسائل کی کمی ایک بڑا اور دیرینہ مسئلہ ہے، ایسے میں فلاحی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کی جانے والی یہ معاونت متاثرہ خاندانوں کے لیے بڑی مددگار ثابت ہوتی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 15 JUN 2026 Page No. 18


## بلوچستان کی محرومیوں کا خاتمہ ریاستی ترجیحات میں شامل ہے، سیدال خان ناصر

### بلوچستان کے قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور باصلاحیت نوجوان ملکی مستقبل کیلئے قیمتی سرمایہ ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

### پائیدار امن، سماجی ہم آہنگی کیلئے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں، سابق وفاقی وزیر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے سابق وفاقی وزیر اور بلوچستان کے سینئر سیاستدان لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ نے اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی سیاسی، سماجی اور اقتصادی صورتحال سمیت صوبے کو درپیش مسائل اور ترقی کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں بلوچستان میں پائیدار ترقی، بنیادی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، صحت اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو موثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا اس موقع پر صوبے کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

مواقع پیدا کرنے، فنی تربیت کے فروغ اور نوجوان نسل کو قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کیلئے بہتر مواقع فراہم کرنے سے متعلق امور پر بھی گفتگو ہوئی ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں بنیادی اہمیت کا حامل صوبہ ہے اور اس کے قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور باصلاحیت نوجوان ملکی مستقبل کیلئے قیمتی سرمایہ ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کا خاتمہ، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ریاست کی ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان کے وسائل سے مقامی آبادی کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچنا چاہیے اور صوبے میں ترقیاتی عمل کو تیز کر کے عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار امن، سماجی ہم آہنگی اور اقتصادی استحکام کیلئے تمام متعلقہ حلقوں کو مشترکہ کاوشیں بروئے کار لانا ہوں گی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ نے بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل، سیاسی صورتحال، سماجی و اقتصادی چیلنجز اور مختلف ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے بلوچستان میں عوامی فلاح، نوجوانوں کی شمولیت، روزگار کے مواقع اور ترقیاتی اقدامات کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں بلوچستان کی ترقی، عوامی خوشحالی اور قومی یکجہتی کے فروغ کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر اتفاق کیا گیا۔

## گوادر: ساحل پر تیل کی موجودگی ڈی سی کا فوری نوٹس

### کئی سمندری کچھوے مردہ پائے گئے، سمندری حیات کو شدید خطرات

### میونسپل کمیٹی کی مختلف ٹیمیں ساحل پر صفائی کے کاموں میں مصروف

گوادر (یو این اے) گوادر کے مغربی ساحل پر خام تیل پھیلنے (آئل اسپل) کا ایک بڑا اور انتہائی تشویشناک واقعہ پیش آیا ہے، جہاں تقریباً 20 کلومیٹر کے...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

وسیع ساحلی علاقے پر خام تیل پھیل چکا ہے۔ اس ماحولیاتی حادثے کے باعث گوادر کی سمندری حیات اور ماہی گیری کے شعبے کو شدید ممکنہ خطرات لاحق ہو گئے ہیں۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق، ساحل پر تیل کے ذرات پھیلنے کی وجہ سے کئی سمندری کچھوے مردہ پائے گئے ہیں۔

## کاروباری مراکز جلد اپنی رجسٹریشن کرائیں، بلوچستان ریونیو اتھارٹی

### رینٹ اے کار اور آٹو موبائل رینٹل سروسز پر سیلز ٹیکس کی شرح 8 فیصد مقرر ہے، حکام

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبے میں رینٹ اے کار اور آٹو موبائل رینٹل سروسز فراہم کرنے والے تمام کاروباری اداروں اور افراد کو ہدایت کی ہے کہ اگر وہ تاحال رجسٹرڈ نہیں ہیں تو فوری طور پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت اپنی قانونی ذمہ داریوں کو ........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پورا کریں۔ اتھارٹی کے مطابق رینٹ اے کار اور آٹو موبائل رینٹل سروسز پر سیلز ٹیکس کی شرح 8 فیصد مقرر ہے۔ تمام سروس فراہم کنندگان کیلئے لازم ہے کہ وہ مقررہ ٹیکس ادوار کے اندر اپنے ٹیکس گوشوارے (Returns) بروقت جمع کرائیں اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی یقینی بنائیں۔ مزید برآں، اس شعبے کیلئے ان پٹ ٹیکس کریڈٹ یا ایڈجسٹمنٹ کی اجازت نہیں ہوگی۔ بی آر اے نے واضح کیا ہے کہ ٹیکس قوانین کی تعمیل نہ صرف قانونی ذمہ داری ہے بلکہ یہ شفاف کاروباری ماحول، منصفانہ مسابقت اور صوبے کی ترقی کیلئے وسائل کی فراہمی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اتھارٹی نے کاروباری برادری کی سہولت کیلئے رجسٹریشن، ریٹرن فائلنگ اور ٹیکس ادائیگی کے تمام مراحل کو مکمل طور پر ڈیجیٹل اور آن لائن بنا دیا ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے تمام رینٹ اے کار اور آٹو موبائل رینٹل سروس فراہم کنندگان سے اپیل کی ہے کہ وہ بروقت رجسٹریشن، ٹیکس ادائیگی اور ریٹرن فائلنگ کو یقینی بنائیں تاکہ کسی بھی قانونی کارروائی، جرمانے یا کاروباری پیچیدگی سے بچا جا سکے اور صوبے کی ترقی میں اپنا موثر کردار ادا کیا جا سکے۔

## اے سی ایس ترقیات و منصوبہ بندی کا دورہ گورنمنٹ پرنٹنگ پریس

### زاہد سلیم نے صوبائی بجٹ کی کتب کی طباعت سے متعلق جاری انتظامات و تیاریوں کا جائزہ لیا

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم نے اتوار کو گورنمنٹ پرنٹنگ پریس کا تفصیلی دورہ کیا جس کا مقصد مالی سال 2026-27 کے صوبائی بجٹ کی کتب کی طباعت سے متعلق جاری انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لینا تھا دورے کے دوران ایڈیشنل چیف سیکرٹری نے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور بجٹ دستاویزات کی پرنٹنگ .......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کے مراحل، معیار اور ٹائم لائنز پر تفصیلی بریفنگ حاصل کی انہوں نے مجموعی پیش رفت کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے اس پر اطمینان کا اظہار کیا انہوں نے متعلقہ حکام کو واضح ہدایت کی کہ بجٹ کتب کی طباعت کے تمام مراحل نہ صرف بروقت مکمل کیے جائیں بلکہ معیار اور سیکیورٹی کے اعلیٰ ترین تقاضوں کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ بجٹ دستاویزات کی بروقت ترسیل ایک اہم ٹاسک ہے جس کو بروقت پایہ تکمیل تک پہنچانا ضروری ہے ایڈیشنل چیف سیکرٹری نے کہا کہ پرنٹنگ کے عمل میں جدید تقاضوں کے مطابق موثر انتظامی نگرانی، کوآرڈینیشن اور کوالٹی کنٹرول کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ تمام بجٹ کتب مقررہ وقت سے قبل مکمل طور پر تیار ہو کر متعلقہ محکموں کو فراہم کی جا سکیں انہوں نے پرنٹنگ پریس انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ جاری اقدامات کی بدولت آئندہ چند دنوں میں تمام بجٹ دستاویزات کی طباعت کا عمل مکمل کر لیا جائے گا۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 15 JUN 2026 Page No. 18

# بلوچستان میں زرعی ٹیوب ویلز کیلئے 3 ارب سبسڈی دینے کا فیصلہ

چھوٹے کاشتکاروں کو 300 ارب قرض دیئے جائیں گے، زرعی مشینری کیلئے 5 ارب، 12 ایکڑ سے کم رقبے کے مالک کسانوں کو 1500 روپے فی ایکڑ سبسڈی دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے زرخیز اسکیم کے تحت چھوٹے کاشتکاروں کو 300 ارب قرض دینے کا اعلان کیا ہے۔ بجٹ میں حکومت نے سکیم کے تحت ساڑھے 7 لاکھ چھوٹے کاشت کاروں کو 300 ارب روپے کے بلاسود قرضے فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ بجٹ دستاویزات کے مطابق زرعی مشینری کے لیے 5 ارب سبسڈی کے لیے مختص کیے گئے ہیں جبکہ 12 ایکڑ سے کم رقبے کے مالک کسانوں کو 1500 روپے فی ایکڑ سبسڈی دی جائے گی۔ دستاویز کے مطابق کھاد کی قیمت کم رکھنے کے لئے کھاد فیکٹریوں کو 20 ارب روپے کا پیکیج دیا جائے گا جبکہ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے اور زرعی شعبے کو نقصانات سے بچانے کے لیے عالمی بینک کی مدد سے 20 کروڑ ڈالر مختص کیے ہیں۔ بجٹ دستاویز کے مطابق بلوچستان میں زرعی ٹیوب ویلز کیلئے بقیہ نمبر 66 صفحہ 5 پر

3 ارب سبسڈی دی جائے گی جبکہ وزیراعظم یوتھ بزنس اور زرعی پروگرام کے تحت 20 ارب مختص کیے گئے ہیں۔

# بلوچستان پولیس کے متعدد افسران کو اِدھر سے اُدھر کر دیا گیا

محمد نعیم شاہد ایس ایس پی انوسٹی گیشن کوئٹہ، ڈی آئی جی عباس رضوی اور ایس پی فریال فرید کو سی پی او رپورٹ کرنیکی ہدایت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان پولیس میں متعدد افسران کے تبادلوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ڈی آئی جی اسپیشل اینٹی ایلیٹ انڈسٹریل ... عباس رضوی اور ایس پی فریال فرید کو سنٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنیکی ہدایت کی گئی ہے ایس ایس پی موٹر ٹرانسپورٹ زین علی شاہ بقیہ نمبر 74 صفحہ 5 پر

کو ڈی آئی جی اسپیشل ایسٹیٹ اینڈ انڈسٹریل کارپوریشن ملک محمد اصغر عثمان کو ایس ایس پی سیکورٹی ڈویژن ایس روست محمد بگٹی کو ایس ایس پی سیریس کرائمز انوسٹی گیشن ونگ ایس پی طاہر صدیقی کو اے آئی جی ویلفیئر سی پی او اور محمد نعیم شاہد کو ایس ایس پی انوسٹی گیشن کوئٹہ تعینات کیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 15 JUN 2026 Page No. 20

## رواں سال صوبے کے 100 سے زائد طلبہ کو تعلیمی وظائف دیئے: مولانا ہدایت الرحمن

تعلیمی وظائف اور سکالرشپس فراہم کرنے میں صوبے سے باہر کے اہل خیر حضرات نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں' امیر جماعت اسلامی

**جماعت اسلامی کا مقصد تعلیم کے فروغ، نوجوان نسل کی استعداد کار میں اضافہ اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے' ایم پی اے**

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، رکن صوبائی اسمبلی گوادر اور چیئرمین الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مخیر حضرات، صنعت کار، سرمایہ دار اور صاحب حیثیت افراد یتیم، نادار اور مستحق بچوں کی تعلیم و تربیت کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن کا بھرپور ساتھ دیں تاکہ صوبے کے زیادہ سے زیادہ بچے تعلیم حاصل کر کے اپنے اور بلوچستان کے روشن مستقبل کی تعمیر میں کردار ادا کر سکیں انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے بچوں کو تعلیمی وظائف اور سکالرشپس فراہم کرنے میں صوبے سے باہر کے اہل خیر نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں، جبکہ بلوچستان کے صاحب استطاعت افراد کو بھی اس قومی اور دینی فریضہ میں ......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے۔ کروڑوں کی گاڑی خریدنے والوں کو اپنی آخرت بنانے کیلئے بلوچستان کے غریب ضرورت مند بچوں معیاری واعلیٰ تعلیم دینے کیلئے الخدمت کے اسکالرشپ پروگرام میں سرمایہ کاری کرنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان نے رواں سال سو سے زائد یتیم اور ضرورت مند طلبہ وطالبات کو تعلیمی وظائف فراہم کئے ہیں، جس سے ان بچوں کو اپنی تعلیم جاری رکھنے میں مدد ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ "بلوچستان پڑھے گا تو آگے بڑھے گا" اور اسی وژن کے تحت جماعت اسلامی "پڑھتا بڑھتا بلوچستان" مہم چلا رہی ہے، جس کا مقصد تعلیم کے فروغ، نوجوان نسل کی استعداد کار میں اضافہ اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ سالانہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

## صوبے میں ٹارگٹ کلنگ و دیگر واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے: اے این پی، پشتونخوا نیپ

واقعات سے نہ صرف شہریوں میں خوف و ہراس بلکہ معاشی و سماجی سرگرمیاں متاثر ہیں' اصغر خان اچکزئی' رضا محمد رضا

**شہریوں کی حفاظت' قانون پر عملداری اور امن کا قیام حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے' رہنماؤں کی ملاقات میں گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی سے خان ہاؤس کوئٹہ میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی و صوبائی رہنماؤں پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی وفد نے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا کی قیادت میں ملاقات کی وفد میں مرکزی سینئر سیکرٹری سید قادر آغا صوبائی صدر نصر اللہ زیرے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عیسیٰ روشان مرکزی سیکرٹری مالیات یوسف خان کاکڑ شامل تھے جبکہ عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا، مرکزی سیکرٹری رشید خان ناصر صوبائی نائب صدر جمال الدین رشتیا صوبائی ......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری مالیات عبداللہ ترین اور ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری حمزہ کاکڑ بھی شریک تھے ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال جمہوری عمل کو درپیش چیلنجز اور بالخصوص صوبے میں امن وامان کی تیزی سے بگڑتی ہوئی صورتحال پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا دونوں جماعتوں کے رہنماؤں نے اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کیا کہ صوبے میں ٹارگٹ کلنگ اغوا برائے تاوان قبضہ گیری مسلح جتھوں کی آزادانہ نقل و حرکت شاہراہوں پر بدامنی مال بردار گاڑیوں کو نذر آتش کرنے کے واقعات اور عوام کی جان و مال کو لاحق خطرات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جس سے نہ صرف شہریوں میں خوف و ہراس پھیل رہا ہے بلکہ معاشی اور سماجی سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہیں ملاقات میں سرکاری ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائیوں سول ہسپتال میں لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے ساتھ پیش آنے والے افسوسناک اور انسانیت سوز واقعہ ینگ ڈاکٹرز الائنس کے ذمہ داران کے خلاف کارروائیوں اور صحت کے شعبے میں پیدا ہونے والی بے چینی پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ ڈاکٹرز، سرکاری ملازمین اور دیگر پیشہ ور طبقات کے تحفظ، وقار اور آئینی حقوق کو ہر صورت یقینی بنایا جانا چاہئے اور ایسے تمام واقعات کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق انصاف کے کٹہرے میں لایا جانا چاہئے

## قومی اسمبلی میں بلوچستان کی نشستوں میں اضافہ ناگزیر ہے: محمد خان جمالی

صوبے کی نمائندگی قومی اسمبلی میں انتہائی محدود جس کے باعث عوامی مسائل ایوان تک نہیں پہنچ پا رہے' رکن قومی اسمبلی

**بلوچستان کے ہر ضلع کو نشست دی جانی چاہئے تاکہ ہر ضلع کے عوام کے مسائل براہ راست پارلیمنٹ میں اٹھائے جا سکیں' اسمبلی سے خطاب**

نصیرآباد (نامہ نگار) بلوچستان کے ہر ضلع کو کم از کم ایک قومی اسمبلی کی نشست دی جانی چاہئے بلوچستان کی قومی اسمبلی میں نمائندگی بڑھانے کیلئے آئینی ترمیم کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی میر خان محمد خان جمالی نے قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے تاہم ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی میں اس کی نمائندگی آبادی کی بنیاد پر انتہائی محدود ہے جس کے باعث عوامی مسائل موثر انداز میں ایوان تک نہیں پہنچ پاتے میر خان محمد خان جمالی نے کہا کہ اس وقت قومی اسمبلی میں بلوچستان کے صرف 16 نمائندے موجود ہیں جو مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھتے ہیں جبکہ صوبے کے وسیع رقبے اور متعدد اضلاع کے مسائل کے پیش نظر یہ تعداد ناکافی ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ قومی اسمبلی میں بلوچستان کی نشستوں میں اضافہ کرنے کیلئے آئینی ترمیم کی جائے تاکہ صوبے کے عوام کو بہتر نمائندگی میسر آ سکے بلوچستان کے ہر ضلع کو کم از کم ایک قومی اسمبلی کی نشست دی جانی چاہئے تاکہ ہر ضلع کے عوام کے مسائل براہ راست پارلیمنٹ میں اٹھائے جا سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ دیگر صوبوں کے بعض اضلاع میں قومی اسمبلی کی 12 سے 14 نشستیں موجود ہیں جبکہ بلوچستان کے کئی اضلاع ایک ہی حلقے میں شامل ہیں جس سے نمائندگی کا مقصد متاثر ہوتا ہے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 — Dated: 15 JUN 2026 — Page No. 21


## وزیر اعلیٰ بلوچستان پارٹی کارکنوں کو نظرانداز کرنے کا نوٹس لیں

**سابق فوکل پرسن کی جانب سے منظور نظر لوگوں کو نوازا گیا، میر علی محمد شمبی و دیگر کی پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے میر علی محمد شمبی، ساما سیف اللہ رئیسانی، ساما علی رئیسانی اور دیگر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے 18 ماہ کے دوران صوبے میں بھرپور ترقیاتی کام کرائے ہیں 4 ہزار بند اسکولز کو فعال بنایا گیا صحت کارڈ، کسان کارڈ کا اجراء، ایئر ایمبولینس سروس شروع کی گئی لیکن سابق فوکل پرسن کی جانب سے پارٹی کارکنوں کو نظر انداز کیا گیا مبینہ طور پر منظور نظر لوگوں کو نوازا جس میں سولر پروگرام، رمضان راشن پیکج، ملازمتوں کی فراہمی اور ترقیاتی کاموں سے محروم رکھنا شامل ہے جس کی تحقیقات کی جائیں انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی کو حقائق سے آگاہ کیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان ان ناانصافیوں اور پارٹی کے بعض وزراء کی ناقص کارکردگی کا نوٹس لیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 JUN 2026 Page No. 22


## خضدار پبلک ٹرانسپورٹرز کی من مانیاں جاری، کرایوں میں خودساختہ اضافہ

**خضدار تا کوئٹہ کا سرکاری کرایہ 1000 روپے جبکہ ٹرانسپورٹرز 1200 سے 1400 وصول کررہے ہیں**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار، پبلک ٹرانسپورٹروں نے سرکاری کرایہ نامہ ہوا میں اڑا کر اپنی حکمرانی قائم کرلی ڈیزل کی قیمت میں ایک روپے کا اضافہ بھی نہیں ہوا مگر ٹرانسپورٹروں کے نرخ آسمان سے باتیں کرنے لگے خضدار سے کوئٹہ، کراچی، قلات، سوراب، مستونگ، لسبیلہ، حب چوکی، وڈھ، زہری، کرخ اور نال جانے والی گاڑیوں کے کرایوں میں 200 سے 500 روپے کا ہولناک اضافہ کر دیا گیا ہے سرکاری نرخ کے مطابق خضدار تا کراچی 1500 روپے ہے مگر مسافروں کی جیب سے 2000 سے 2200 روپے تک چھینے ......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

جا رہے ہیں خضدار تا کوئٹہ کا سرکاری کرایہ 1000 روپے ہے ٹرانسپورٹرز 1200 سے 1400 روپے وصول کرکے ڈاکہ ڈال رہے ہیں سب سے زیادہ خون طلبہ مزدور اور کم آمدنی والے افراد کا نچوڑا جا رہا ہے روزانہ دفتر جانے والے ملازمین کے لئے یہ اضافی کرایہ اب ناقابل برداشت بوجھ بن چکا ہے سادہ لوح مسافروں سے من مانا کرایہ طلب کیا جاتا ہے انکار پر بدتمیزی اور دھکے معمول بن چکے ہیں حیران کن بات یہ کہ انتظامیہ کا جاری کردہ کرایہ نامہ کسی بھی اڈے پر آویزاں تک نہیں پولیس اور ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے اہلکار بھی تماشائی بنے ہوئے ہیں عوامی و سیاسی حلقوں نے کمشنر قلات ڈویژن ڈپٹی کمشنر خضدار سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## کوئٹہ، بروری روڈ کے مکینوں کا بجلی کی لوڈشیڈنگ کیخلاف احتجاج

**وحدت کالونی کے قریب روڈ بلاک، گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بروری روڈ کے مکینوں نے بجلی کی طویل بندش اور بجلی کی خرابی کے خلاف ٹائر جلا کر روڈ بلاک کرکے احتجاج کیا اور کیسکو کے خلاف نعرہ بازی کی گزشتہ روز بروری روڈ وحدت کالونی اور ملحقہ علاقوں کے مکینوں نے گزشتہ دو روز سے بجلی کی خرابی اور طویل بندش، لوڈشیڈنگ کے خلاف ٹائر جلا کر وحدت کالونی کے قریب روڈ کو بلاک کرکے احتجاج کیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہوگئی مظاہرین کا مطالبہ تھا کہ شدید گرمی میں بجلی کی خرابی اور بندش نے علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے بجلی کی بندش سے پانی کی فراہمی بھی معطل ہے اور بزرگ شہریوں، خواتین، بچوں کو بجلی کی بندش سے شدید دشواری پیش آرہی ہے مظاہرین کا ......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

مطالبہ تھا کہ فوری طور پر بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائیں۔ مظاہرین پرامن طور پر منتشر ہوگئے۔

**Balochistan News Quetta**

## گنداواہ، اسٹریٹ لائٹس اسکیم میں مبینہ بدعنوانی

**فوری نوٹس لینے اور سپرہ محلہ میں اسٹریٹ لائٹس نصب کرنے کا مطالبہ**

گنداواہ (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی گنداواہ وارڈ نمبر 1 سپرہ محلہ کے رہائشی سپرہ برادری نے کہا ہے کہ چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداواہ ان کے محلے کو اسٹریٹ لائٹس کی اسکیمات میں بار بار نظر انداز کر رہے ہیں ان کے مطابق اسٹریٹ لائٹس فیز ون اور فیز ٹو میں ایک بھی اسٹریٹ لائٹس نصب نہیں کی گئی ہے بلکہ اپنے منظور نظر منظورِ نظر لوگوں کو ہی نوازا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ سپرہ محلہ کے رہائشی کوئی مہاجرین میں شامل ہے کیا جو ترقیاتی منصوبوں کی فہرست میں ہمیشہ شامل نہیں کئے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ 4 کروڑ روپے کی اسٹریٹ لائٹس کی اسکیمات میں بھی ایک بھی لائٹس نصب نہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے بلکہ اہلیان محلہ کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے انہوں نے ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سے فوری نوٹس لینے اور سپرہ محلہ میں اسٹریٹ لائٹس نصب کرنے کا مطالبہ کیا ہے

**MEEZAN QUETTA**

## کوئٹہ لہڑی گیٹ و گردونواح کے علاقوں میں غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ

**بجلی کی مسلسل بندش کے باعث علاقے میں پانی کا شدید بحران پیدا ہو چکا ہے اور لوگ پانی کی ایک ایک بوند کو ترس رہے ہیں**

**بجلی و پانی کی فراہمی کو یقینی نہ بنایا گیا تو عوام اپنے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے سڑکوں پر نکلنے اور سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے مکینوں کا مطالبہ**

کوئٹہ (اے این این) لہڑی گیٹ اور گردونواح کے علاقوں میں غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ بجلی کی مسلسل بندش کے باعث علاقے میں پانی کا شدید بحران پیدا ہو چکا ہے اور لوگ پانی کی ایک ایک بوند کو ترس رہے ہیں۔ علاقے کی مکینوں کا مطالبہ لہڑی گیٹ کے مکینوں اور قبائلی عمائدین نے لہڑی گیٹ کو کیسکو نے لوڈشیڈنگ کا تجربہ گاہ بنا دیا ہے بجلی کی مسلسل بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ شہری شدید گرمی میں بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اور پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی عدم فراہمی کے باعث نہ صرف گھریلو نظام درہم برہم ہو چکا ہے بلکہ علاقے میں پانی کا ذخیرہ ختم ہونے سے انسانی بحران جنم لے رہا (بقیہ 42 صفحہ 7 پر)

ہے، جبکہ متعلقہ حکام خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ علاقے کے عوام نے کیسکو کو خبردار کیا کہ اگر لہڑی گیٹ سمیت کوئٹہ کے متاثرہ علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا سلسلہ فوری بند نہ کیا گیا اور بجلی و پانی کی فراہمی کو یقینی نہ بنایا گیا تو عوام اپنے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے سڑکوں پر نکلنے اور سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ اس انسانی المیے کا فوری نوٹس لیں اور عوامی مشکلات کا ازالہ کریں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB HUB

Bullet No. 4 Dated: 14 JUN 2026 Page No. 23


## ینگ ڈاکٹرز کی ہڑتال، سرکاری ہسپتالوں میں او پی ڈیز اور ایمرجنسی سروسز بند

مریضوں کو پریشانی

**لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب گردی کے واقعہ کے بعد ایک ہفتے سے احتجاج کا سلسلہ جاری، احتجاج ختم کروانے کیلئے اقدامات کیے جائیں، عوامی حلقے**

کوہلو (اسٹاف رپورٹر) کوہلو میں ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کی جانب سے تیزاب گردی کے واقعے کے خلاف ہڑتال دوسرے روز بھی جاری رہی۔ ینگ ڈاکٹرز کی ہڑتال کے باعث سرکاری ہسپتالوں میں او پی ڈیز اور ہنگامی طبی سروسز بند رہیں۔ جس کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ صحت جیسے اہم بنیادی نوعیت کے شعبے میں ہڑتالیں عدالتی فیصلوں کی بھی خلاف ورزی ہیں۔ انہوں نے صوبائی حکومت سے ہڑتال ختم کروانے کا مطالبہ کیا دوسری جانب ینگ ڈاکٹرز نے سول ہسپتال میں تیزاب گردی کے واقعے کی تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کو سیکیورٹی کی فراہمی کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں کوہلو کے سول ہسپتال میں خاتون ڈاکٹر ماہ نور پر تیزاب پھینکنے کا واقعہ پیش آیا تھا جس کے خلاف ینگ ڈاکٹرز کی ہڑتال جاری رہی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 — Dated: 15 JUN 2026 — Page No. 24


## چاغی: کار چھیننے کی کوشش ناکام، 3 مسلح ملزمان گرفتار

چاغی (آن لائن) امین آباد روڈ پر کار چھیننے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، سیکیورٹی فورسز اور پولیس کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں 3 مسلح ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق 13 جون 2026، کو تین مسلح افراد نے امین آباد کے علاقے میں ایک گاڑی چھیننے کی کوشش کی۔ اطلاع ملنے پر سیکیورٹی فورسز کی ایس او ٹی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچی اور کارروائی کرتے ہوئے تینوں مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا۔ بعد ازاں 160 ونگ کی سی ٹی ٹیم اور پولیس نے ملزمان کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ چاغی بازار سمیت مختلف علاقوں میں چوری اور ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث رہے

## ڈیرہ مراد جمالی: پولیس و سی آئی اے کی مشترکہ کارروائی، روپوش گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈیرہ مراد جمالی پولیس نے سی آئی اے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ناحزر روپوش ملزم کو گرفتار کر لیا ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایت پر ایس ڈی پی او سرکل سٹی محمد عثمان سوہنگی کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی تھانہ ڈیرہ مراد جمالی عبدالرؤف جمالی، سی آئی اے انچارج بہادر علی ڈوکی نے دیگر عملے کے ہمراہ پشاور پولیس کو مقدمے میں مطلوب روپوش ملزم زبیر احمد کو گرفتار کر لیا اور کارروائی شروع کر دی۔


INTEKHAB QUETTA


## چمن، امن وامان کی صورتحال، سیکورٹی اقدامات مزید سخت

**مشکوک گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور پیدل چلنے والے افراد کی جامع تلاشی اور جانچ پڑتال کا سلسلہ جاری**

چمن (ن ن) چمن شہر اور گردونواح میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لئے ڈی پی او چمن اعتزاز عارف کی ہدایات پر سی آئی اے انچارج انسپکٹر محمد صادق نے پولیس نفری کے ہمراہ مختلف پولیس چوکیوں اور ناکوں پر سیکورٹی اقدامات مزید سخت کر دیے ہیں۔ پولیس کی جانب سے مشکوک گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور پیدل چلنے والے افراد کی جامع تلاشی اور جانچ پڑتال کا سلسلہ جاری ہے۔ اس دوران شناختی دستاویزات کی پڑتال سمیت مشتبہ افراد کی نقل وحرکت پر بھی کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

پولیس حکام کے مطابق ان اقدامات کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کی روک تھام، عوام کی جان ومال کا تحفظ اور علاقے میں پائیدار امن کا قیام یقینی بنانا ہے۔ شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ سیکورٹی اداروں کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں۔

CamScanner

# بچوں سے مزدوری ایک سنگین مسئلہ!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بچوں کے مشقت کیخلاف دن کے موقع پر اپنے پیغام میں واضح کیا ہے کہ بچوں سے مزدوری ایک سنگین مسئلہ ہے جو نہ صرف بچوں کے بنیادی حقوق سلب کرتا ہے بلکہ ان کی تعلیم، صحت اور بہتر مستقبل کی راہ میں رکاوٹ بنتا ہے۔ ہر بچے کو تعلیم، صحت اور ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے بلوچستان حکومت بچوں کے حقوق کے تحفظ اور چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے تاکہ کوئی بچہ غربت، مجبوری یا استحصال کا شکار نہ ہو۔ بچوں کو مزدوری کے بجائے تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ہی ایک ترقی یافتہ اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے۔ حکومت بلوچستان تعلیمی سہولیات کی فراہمی، سماجی تحفظ کے پروگراموں اور آگاہی مہمات کے ذریعے بچوں کو محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے والدین، اساتذہ، سماجی تنظیموں، نجی شعبے اور تمام متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ وہ بچوں سے مشقت لینے کے خاتمے اور انہیں تعلیم و ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کا تحفظ، تعلیم اور فلاح و بہبود ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور ہمیں مل کر ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہوگا جہاں ہر بچہ اپنے خوابوں کی تکمیل اور روشن مستقبل کی جانب اعتماد کے ساتھ آگے بڑھ سکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بچوں کے مشقت کیخلاف دن کے موقع پر مذکورہ بیان اور اس میں بچوں کے تعلیم، تحفظ، صحت اور ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے اس ریاست کی ذمہ داری ٹھہرانا بظاہر تو ایک اچھا اقدام ضرور ہے لیکن اس کے لیے بہت سے اقدامات کرنے پڑیں گے کیونکہ یہ صرف بیانات سے نہیں ہوں گے۔ اس ضمن میں عملی اقدامات کرنے پڑیں گے۔ جہاں تک بچوں کو مزدوری کے بجائے تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کی بات ہے تو اس سلسلے میں حکومت کو سب سے پہلے ایک ایسا مکینزم بنانا پڑے گا۔ جس میں ایسے غریب بچوں کے لیے ذرائع آمدن پیدا کرنے ہوں گے تاکہ وہ مزدوری کی بجائے تعلیم حاصل کریں۔ جب کسی بچے کے گھر کھانے اور پہننے کے لیے کچھ نہیں ہوگا تو ظاہر ہے وہ نوکری ہی کرے گا۔ اس کے لیے تعلیم کا حصول مشکل ہو جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے بچوں کا تحفظ، تعلیم اور فلاح و بہبود ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہونے کے حوالے سے جو بیان دیا ہے تو اس پر بھی عملی اقدامات کرنا ناگزیر ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ بچوں سے مشقت لینے کے اقدام کے خاتمے کے لیے حکومت اور متعلقہ اداروں کو احسن اقدامات کرنے چاہئیں جن میں ایک ایسا مکینزم بنانا چاہیے جو نادار بچوں کی مدد کرے اور ایسے بچوں کے لیے وظیفہ مقرر کریں جو غریب ہیں لیکن تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس طرح ان کے لیے تعلیم کا حصول بھی آسان بنانا چاہیے کیونکہ ہمارے ہاں سرکاری سکولوں میں تعلیم کا معیار کم ہونے کی وجہ سے بچے پرائیویٹ سکولوں کے بھاری فیسوں اور داخلے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ اس کے لیے ان کی تعلیم کے حصول کو آسان بنانا چاہیے۔ اگر ایسا نہیں کیا جاتا تو پھر بچوں سے مشقت لینے کا خاتمہ ممکن نہیں ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 15 JUN 2026

Page No. 28


## وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوام دوست صوبائی بجٹ پیش کرنے کا عزم!!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وسائل کی منصفانہ تقسیم کو ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت حقیقت پسندانہ اور عوام دوست بجٹ پیش کرے گی۔ گزشتہ روز اگلے مالی سال کے صوبائی بجٹ کی تیاری کے سلسلے میں منعقدہ پارلیمانی کمیٹی کے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ صوبائی حکومت ایک متوازن، حقیقت پسندانہ اور عوام دوست بجٹ پیش کرے گی جو بلوچستان کے عوام کی ضروریات، ترقیاتی تقاضوں اور موجودہ معاشی حقائق سے ہم آہنگ ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ وسائل کی منصفانہ تقسیم، متوازن علاقائی ترقی، عوامی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت، روزگار کے مواقع اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری آئندہ بجٹ کی اہم ترجیحات ہوں گی۔ وزیراعلیٰ کا یہ موقف نہ صرف خوش آئند ہے بلکہ بلوچستان کے موجودہ حالات اور عوامی توقعات کے عین مطابق بھی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی حکومت کی کارکردگی کا سب سے اہم پیمانہ اس کا بجٹ ہوتا ہے کیونکہ یہی وہ دستاویز ہے جس کے ذریعے حکومت اپنی ترجیحات، وژن اور عوامی خدمت کے عزم کو عملی شکل دیتی ہے۔ بلوچستان غربت و پسماندگی اور دیگر مسائل سے دوچار صوبہ ہے اور ان حالات میں صوبائی بجٹ کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے کیونکہ یہی وہ ذریعہ ہے جس کے ذریعے عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی اہداف کے حصول کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بجٹ سازی کے عمل کو صرف سرکاری دفاتر تک محدود رکھنے کے بجائے سیاسی جماعتوں اور پارلیمانی نمائندوں کو اعتماد میں لینے کی روایت کو فروغ دیا ہے۔ پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کی شرکت اور ان کی تجاویز پر غور اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبائی حکومت مشاورت، شمولیت اور اجتماعی دانش پر یقین رکھتی ہے۔ جمہوری نظام میں یہی طرز عمل کامیاب حکمرانی کی بنیاد بنتا ہے کیونکہ عوامی نمائندے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل اور ضروریات سے بخوبی آگاہ ہوتے ہیں اور ان کی آراء ترقیاتی منصوبہ بندی کو زیادہ مؤثر بنا سکتی ہیں۔ وزیراعلیٰ کی جانب سے تعلیم اور صحت کو بجٹ کی ترجیحات میں شامل کرنا خصوصی طور پر قابل ستائش ہے۔ کسی بھی معاشرے کی ترقی کا انحصار انسانی وسائل کی ترقی پر ہوتا ہے اور انسانی وسائل اسی وقت مضبوط ہوتے ہیں جب تعلیم اور صحت کے شعبوں کو ترجیح دی جائے۔ بلوچستان کے متعدد علاقوں میں آج بھی معیاری تعلیمی اداروں اور طبی سہولیات کی کمی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ اگر آئندہ بجٹ میں ان شعبوں کے لئے خاطر خواہ وسائل مختص کئے جاتے ہیں تو اس کے مثبت اثرات آنے والے کئی برسوں تک محسوس کئے جا سکیں گے۔ اسی طرح [illegible]

کی نوجوان آبادی صوبے کا سب سے بڑا اثاثہ ہے، تاہم بے روزگاری ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے۔ ایسے میں اگر بجٹ میں ترقیاتی منصوبوں، صنعتی سرگرمیوں، فنی تعلیم اور ہنرمندی کے فروغ کے لئے مناسب فنڈز مختص کئے جائیں تو نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ صوبے کی مجموعی معیشت کو بھی تقویت ملے گی۔ وزیراعلیٰ کا یہ عزم کہ ایسے منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی جو براہ راست عوام کی زندگیوں میں بہتری لائیں، یقیناً عوامی توقعات کے مطابق ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی جانب سے پسماندہ اور دور افتادہ علاقوں کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کرنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کی ترقی کا سفر اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتا جب تک صوبے کے تمام اضلاع یکساں طور پر ترقی کے ثمرات سے مستفید نہ ہوں۔ ماضی میں بعض علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے زیادہ اور بعض علاقوں میں کم ہونے کے باعث احساس محرومی پیدا ہوا۔ موجودہ حکومت اگر وسائل کی منصفانہ تقسیم اور متوازن علاقائی ترقی کے اصول پر عمل درآمد یقینی بناتی ہے تو یہ نہ صرف ترقی کے عمل کو تیز کرے گا بلکہ صوبائی ہم آہنگی اور یکجہتی کو بھی مضبوط بنائے گا۔ بلوچستان اس وقت ترقی کے نئے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی پوزیشن میں ہے۔ گوادر بندرگاہ، سی پیک کے مختلف منصوبے، معدنی وسائل، زراعت، لائیو اسٹاک اور توانائی کے شعبے صوبے کے لئے بے شمار امکانات رکھتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ بجٹ میں ایسے منصوبوں کو شامل کیا جائے جو ان مواقع کو عملی ترقی میں تبدیل کر سکیں۔ اگر ترقیاتی وسائل کو دانشمندانہ انداز میں استعمال کیا جائے تو بلوچستان نہ صرف اپنی معاشی بنیادوں کو مضبوط بنا سکتا ہے بلکہ قومی معیشت میں بھی زیادہ مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے بلوچستان کے عوام ایک ایسے بجٹ کے منتظر ہیں جو ان کی زندگیوں میں حقیقی تبدیلی لا سکے۔ وہ بجٹ جو صرف اعداد و شمار کا مجموعہ نہ ہو بلکہ عوامی ضروریات اور ترقیاتی ترجیحات کا حقیقی عکاس ہو۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی حالیہ گفتگو اور بجٹ کے حوالے سے ان کے واضح مؤقف سے امید پیدا ہوئی ہے کہ صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے سنجیدہ اور پرعزم ہے اور لاشبہ آنے والا صوبائی بجٹ بلوچستان کے مستقبل کے تعین میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اگر وسائل کی منصفانہ تقسیم، پسماندہ علاقوں کی ترقی، تعلیم وصحت کی بہتری، روزگار کے مواقع کی فراہمی، بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی اور شفاف طرز حکمرانی جیسے اصولوں کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے تو یہ بجٹ بلوچستان کی ترقی کے سفر میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا اس حوالے سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا عزم قابل تحسین ہے اور امید ہے کہ آئندہ بجٹ واقعی عوام دوست، متوازن اور ترقی پسند ہوگا، جو بلوچستان کے عوام کی امنگوں اور توقعات پر پورا اترتے ہوئے صوبے کو خوشحالی اور استحکام کی نئی منزلوں سے ہمکنار کرے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 JUN 2026 Page No. 27


## بلوچستان کا آئندہ بجٹ: مشاورت، شفافیت اور عوامی توقعات

بلوچستان کی سیاسی اور معاشی تاریخ میں بجٹ سازی ہمیشہ ایک اہم مرحلہ رہی ہے، کیونکہ یہ محض مالیاتی دستاویز نہیں بلکہ حکومت کی ترجیحات، وژن اور عوامی اصلاح و بہبود کے عزم کا عملی اظہار ہوتی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت آئندہ مالی سال 2026-27 کے صوبائی بجٹ کے حوالے سے منعقد ہونے والا پارلیمانی مشاورتی اجلاس اسی تناظر میں غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ اس اجلاس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی رہنماؤں کی شرکت اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ حکومت بجٹ سازی کے عمل کو زیادہ جامع، مشاورتی اور شراکتی بنانے کی خواہاں ہے۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، لیکن ترقیاتی اشاریوں کے اعتبار سے اسے متعدد چیلنجز کا سامنا ہے۔ تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، سڑکوں، توانائی، روزگار اور بنیادی انفراسٹرکچر کے شعبوں میں بہتری کی ضرورت ایک عرصے سے محسوس کی جا رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اجلاس میں ان شعبوں کو خصوصی اہمیت دی گئی اور مختلف سیاسی جماعتوں نے اپنی تجاویز اور سفارشات پیش کیں۔ یہ عمل اس لحاظ سے قابل ستائش ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی ترجیحات کا تعین صرف حکومتی سطح پر نہیں بلکہ عوامی نمائندوں کی مشاورت سے کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا یہ بیان کہ حکومت ایک متوازن، حقیقت پسندانہ اور عوام دوست بجٹ پیش کرنا چاہتی ہے، موجودہ معاشی حالات میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔ ملک اور صوبہ دونوں کو مالی وسائل کی محدود دستیابی، بڑھتی ہوئی ضروریات اور ترقیاتی تقاضوں کے درمیان توازن قائم کرنے کا چیلنج درپیش ہے۔ ایسے حالات میں ایک ایسا بجٹ تشکیل دینا جو ترقیاتی عمل کو بھی جاری رکھے اور عوامی ریلیف کو بھی یقینی بنائے یقیناً ایک مشکل مگر ضروری ہدف ہے۔ بلوچستان کے پسماندہ اور دور افتادہ علاقوں کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کرنے کا حکومتی عزم بھی خوش آئند ہے۔ صوبے کے کئی اضلاع بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں اور وہاں کے عوام ترقی کے ثمرات سے مکمل طور پر مستفید نہیں ہو سکے۔ اگر وسائل کی منصفانہ تقسیم اور متوازن علاقائی ترقی کے اصول پر حقیقی معنوں میں عملدرآمد کیا جاتا ہے تو اس سے نہ صرف احساس محرومی میں کمی آئے گی بلکہ صوبے میں سماجی ہم آہنگی اور سیاسی استحکام کو بھی فروغ ملے گا۔ اجلاس میں شفافیت، معیار اور جوابدہی کو ترقیاتی منصوبوں کے بنیادی اصول قرار دینا بھی ایک مثبت پیش رفت ہے۔ ماضی میں متعدد ترقیاتی منصوبے یا تو تاخیر کا شکار رہے یا مطلوبہ نتائج فراہم نہ کر سکے۔ اس کی ایک بڑی وجہ منصوبہ بندی اور نگرانی کے نظام میں کمزوریاں تھیں۔ اگر موجودہ حکومت ترقیاتی فنڈز کے مؤثر استعمال، بروقت تکمیل اور شفاف نگرانی کو یقینی بنانے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہو سکتا ہے۔ سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لینے اور وسیع تر مشاورت کے ذریعے بجٹ سازی کا عمل دراصل جمہوری روایات کے استحکام کی علامت ہے۔ بلوچستان جیسے حساس اور متنوع صوبے میں سیاسی ہم آہنگی اور اتفاق رائے کی فضا ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے ناگزیر ہے۔ مختلف سیاسی قوتوں کی شمولیت نہ صرف بجٹ کو زیادہ نمائندہ بناتی ہے بلکہ اس کے نفاذ میں بھی آسانی پیدا کرتی ہے۔ تاہم اصل کامیابی کا انحصار بجٹ کے اعلانات پر نہیں بلکہ ان کے عملی نفاذ پر ہوگا۔ عوام کی توقعات بلند ہیں اور وہ تعلیم، صحت، روزگار، پانی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولتوں میں حقیقی بہتری دیکھنا چاہتے ہیں۔ اگر حکومت اپنے اعلانات کو مؤثر منصوبہ بندی، شفاف عملدرآمد اور مضبوط نگرانی کے ذریعے عملی شکل دے پاتی ہے تو آئندہ بجٹ بلوچستان کی ترقی کے ایک نئے باب کا آغاز ثابت ہو سکتا ہے۔ مجموعی طور پر پارلیمانی مشاورت کے ذریعے بجٹ سازی کا یہ عمل خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔ یہ نہ صرف جمہوری اقدار کے فروغ کا مظہر ہے بلکہ اس بات کی امید بھی دلاتا ہے کہ آئندہ صوبائی بجٹ بلوچستان کے عوام کی ضروریات، ترقیاتی تقاضوں اور مستقبل کے امکانات کی حقیقی ترجمانی کرے گا۔ صوبے کی پائیدار ترقی، معاشی استحکام اور عوامی خوشحالی کے لیے یہی راستہ سب سے زیادہ مؤثر اور قابل عمل دکھائی دیتا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 15 JUN 2026 Page No. 28

# Mounting water crisis

Balochistan is blessed with plenty of natural resources and minerals but when it comes to talk about its water reservoirs it stands water stressed region. Average annual precipitation in Balochistan varies from 2 to 20 inches (50 to 500 mm). Its east-northern parts receive some rains from monsoon (300mm+ per year) where the rest of the province is either arid or hyper arid (50mm+ per year).

Apart from the Indus River that is feeding 2 to 3 districts (3 Million Acre Feet), the rest of the province is exploiting ground water (2.2 Million Acre Feet) at an alarming rate with some traditional techniques of Sailaba harvesting. Surprisingly, the quantity of water (10 Million Acre Feet) that is generated as flood water runs off unharnessed. Due to water shortage, the situation has come to a level where some of major cities like Quetta and other towns of the province are faced with threats of migration due to unavailability of drinking water.

While the mainstay of Balochistan's economy is agriculture and livestock, and other allied activities which cater for more than 70% of livelihood and employment in the province.

Climate change is also making the situation more wobbly. Weather patterns around the globe, causing droughts and water shortages in some parts of the world but floods in the other areas.

It is really unfortunate that every year 10 MAF of flood water go waste and untapped, and the main reason behind this is lack of dams in the province. Regrettably, the successive governments in the past neglected Balochistan with regard to constructing dams and still there dams upon which the construction work is to be initiated.

No doubt, the federal and provincial governments agree construction of dams in Balochistan is inevitable to address, however, the pace of taking action in this regard is miserably slow. The Kaisar dam of Nushki district, which was started several years ago, is a clear instance of government's apathy. The dam is not going to be completed under the pretext of lack of funds while every year the flood inflicts damages to the constructed work and its cost is increasing.

However, it is hoped that the provincial government will take pragmatic steps to complete work on under-constructed dams besides starting more dams to address water woes of the province. Moreover, the government will also pursue the federal government in timely completion of dam projects in the province and the incumbent federal government, unlike past governments, will bring tangible changes in the province.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 JUN 2026 Page No. 29


## آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا دورہ پروم


افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

naseemulhaq.nuhz@gmail.com




ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے سیکیورٹی کے ساتھ ساتھ عوامی فلاح و بہبود کے کاموں پر بھی خصوصی توجہ دی ہے۔ اسی سلسلے میں گزشتہ دنوں آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے ضلع پنجگور کی تحصیل پروم کا اہم دورہ کیا، جہاں انہوں نے پرواز فاؤنڈیشن کے زیر انتظام مکمل ہونے والے تین اہم عوامی فلاحی منصوبوں کا افتتاح کیا۔ جو نہ صرف دیرینہ عوامی ضروریات کو پورا کرتے ہیں بلکہ ایک نئے سماجی اعتماد کی بنیاد بھی فراہم کرتے ہیں۔ پروم میں قائم جناح ہسپتال کی فعالی اس دورے کا ایک نمایاں پہلو تھا۔ جناح ہسپتال کا 1979 میں ایک ڈسپنسری کے طور پر قیام عمل میں لایا گیا، جسے بعد ازاں 1994 میں رورل ہیلتھ سینٹر کا درجہ دیا گیا۔ تاہم 2013 سے خستہ حالی کا شکار ہو کر غیر فعال ہو گیا تھا، جس کے باعث مقامی آبادی کو علاج معالجے کے لیے طویل مسافتیں طے کرنا پڑتی تھیں۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن نے اس صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے ہسپتال کی مکمل تزئین و آرائش کا بیڑہ اٹھایا اور اسے دوبارہ فعال کیا۔ اس منصوبے کے تحت عمارت کی نئی چھت تعمیر کی گئی جو بوسیدگی کے باعث گر چکی تھی، دیواروں کی مرمت کی گئی اور اندرونی ڈھانچے کو جدید ضروریات کے مطابق ڈھالا گیا۔ 20 بستروں پر مشتمل اس ہسپتال میں خواتین، مرد اور بچوں کے لیے علیحدہ وارڈز قائم کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ فارمیسی، جدید لیبارٹری، ایمرجنسی بلاک اور آپریشن تھیٹر کی سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں، جبکہ ضروری طبی آلات کی دستیابی کو بھی یقینی بنایا گیا ہے۔ یہ امر انتہائی اہم ہے کہ اس اقدام کے بعد پروم اور گردو نواح کی تقریباً پچاس ہزار آبادی کو صحت کی بنیادی سہولیات اپنے ہی علاقے میں میسر آ گئی ہیں، جس سے نہ صرف ان کے مالی اور سفری بوجھ میں کمی واقع ہوئی ہے بلکہ ہنگامی طبی صورتحال میں بروقت علاج ممکن ہو سکا ہے۔ اسی دورے کے دوران فاطمہ جناح ہنرکدہ کا بھی افتتاح کیا گیا، جو خواتین کی فنی تربیت اور معاشی خودمختاری کے لیے ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ ادارہ 2006 میں قائم ہوا تھا لیکن سہولیات کی کمی کے باعث طویل عرصے تک غیر فعال رہا۔ پرواز فاؤنڈیشن نے اس مرکز کو دوبارہ فعال کرتے ہوئے اسے ایک مکمل تربیتی ادارے کی شکل دی ہے۔ اس ہنرکدہ میں چار بنیادی مراکز قائم کیے گئے ہیں جن میں کمپیوٹر ٹریننگ سنٹر، سلائی کڑھائی مرکز، بیوٹیشن سنٹر اور دینی تعلیم و تربیت کا شعبہ شامل ہے۔ اس اقدام کا مقصد مقامی خواتین کو نہ صرف ہنرمند بنانا ہے بلکہ انہیں معاشی طور پر خود کفیل بننے کے مواقع فراہم کرنا بھی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اخلاقی اور دینی تربیت کے پہلو کو بھی لازم کیا گیا تاکہ ایک متوازن اور باوقار سماجی ڈھانچہ تشکیل دیا جا سکے۔ خواتین نے اس اقدام کو بے حد سراہا اور اسے اپنی زندگیوں میں ایک مثبت تبدیلی کا آغاز قرار دیا۔ یہ امر اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ جب بنیادی سہولیات اور تربیتی مواقع فراہم کیے جائیں تو معاشرہ خود بخود ترقی کی راہ پر گامزن ہو جاتا ہے۔ اسی سلسلے کی ایک اور اہم پیش رفت پروم میں نادرا رجسٹریشن آفس کا قیام ہے جس کا افتتاح بھی آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے دورے کے دوران کیا۔ جدید سہولیات سے آراستہ یہ سنٹر مختصر مدت میں تعمیر کیا گیا ہے۔ اس سے قبل تحصیل پروم میں نادرا آفس موجود نہ ہونے کے باعث عوام کو شناختی دستاویزات کے حصول کے لیے طویل سفر طے کر کے ضلع پنجگور جانا پڑتا تھا جس سے نہ صرف وقت بلکہ وسائل کا ضیاع بھی ہوتا تھا۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن نے عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نادرا رجسٹریشن آفس قائم کیا۔ جس میں شہریوں کے لیے کشادہ انتظار گاہ، خواتین کے لیے علیحدہ کاؤنٹر، ڈیٹا انٹری کاؤنٹر اور دیگر سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے تحت کیے جانے ان اقدامات کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے۔ جنوبی بلوچستان کے ان علاقوں میں جہاں ماضی میں بنیادی ضروریات کی کمی ایک بڑا مسئلہ رہی ہے، وہاں اب ایک واضح تبدیلی دیکھی جا رہی ہے۔ صحت، تعلیم، ہنرمندی اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے یہ اقدامات اس بات کی دلیل ہیں کہ ترقی کا عمل اب نچلی سطح تک پہنچ رہا ہے اور اس کے ثمرات عام آدمی تک منتقل ہو رہے ہیں۔ آج پروم میں جناح ہسپتال، فاطمہ جناح ہنرکدہ کی فعالی اور نادرا آفس کا قیام اس بات کا ثبوت ہیں کہ ترقی کا سفر تیزی سے جاری ہے۔ یہ منصوبے صرف موجودہ نسل کے لیے نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی امید، خوشحالی اور بہتر مستقبل کی بنیاد فراہم کر رہے ہیں۔ بلوچستان کے عوام ترقی کے ثمرات اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں اور یہی وہ حقیقت ہے جو ہر منفی پراپیگنڈے کا موثر جواب بھی ہے۔ آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا دورہ پروم دراصل اس عزم کی تجدید تھا کہ عوامی خدمت، ترقیاتی عمل اور فلاحی منصوبوں کا یہ سفر مستقبل میں بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رہے گا۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے یہ اقدامات اس حقیقت کی روشن مثال ہیں کہ جنوبی بلوچستان میں تعمیر و ترقی کا عمل محض دعووں تک محدود نہیں بلکہ عملی شکل میں عوام کے سامنے موجود ہے، اور یہی وہ راستہ ہے جو ایک خوشحال، مستحکم اور ترقی یافتہ بلوچستان کی ضمانت ہے۔